ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازیخان

پریس ریلیز

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کلاس نہم سالانہ امتحان 2021ء کا انعقاد مورخہ 28-08-2021 سے ہو رہا ہے۔ تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازیخان نے تمام پرائیویٹ اُمیدواران کی رول نمبر سلپس اُن کے داخلہ فارمز پر تحریر ایڈریس پر بذریعہ رجسٹری ارسال کردی ہیں۔ اور ریگولر امیدواران کی رول نمبر سلپس اُن کے متعلقہ ادارہ کے پورٹل پر آن لائن جاری کردی گئیں ہیں۔ ریگولر اُمیدواران کے ادارہ جات اپنے پورٹل سے اُمیدواران کی رول نمبر سلپس پرنٹ کرسکتے ہیں۔

جن امیدواران کی رول نمبر سلپس اعتراضی خطوط (Objection Letters) کا جواب نہ دینے یا بقایا فیس جمع نہ کروانے کی وجہ سے رکی ہوئی ہیں انکی رول نمبر سلپس اس وقت تک جاری نہ کی جائیں گی جب تک وہ دفتر کو مطلوبہ کوائف/دستاویزات/بقایاجات جمع نہیں کروادیتے۔

اگر کسی پرائیویٹ امیدوار کو رول نمبر سلپ مورخہ 26-08-2021 تک نہ ملے تو وہ دفتر تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازیخان سے رابطہ کر کے یا بورڈ کی ویب سائیٹ سے رول نمبر سلپ حاصل کرسکتا ہے۔ اگر اس وجہ سے کسی امیدوار کا پرچہ رہ گیا یا وہ امتحان میں شرکت نہ کرسکا تو تمام تر ذمہ داری متعلقہ امیدوار پر عائد ہوگی۔ تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازیخان اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

- sd -

کنٹرولر امتحانات

نمبر 117/اے سی (ایم) — مورخہ 16 اگست 2021ء

۱۔ پی ایس ٹو چیئرپرسن۔

۲۔ پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات/سیکرٹری۔

۳۔ سسٹم اینالسٹ (اس درخواست کے ساتھ کہ اس پریس ریلیز کو بورڈ کی ویب سائیٹ پر جاری کریں اور اخبارات کو E-Mail بھی کریں)

اسسٹنٹ کنٹرولر (میٹرک)